رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2021-2023 )

اردو (لازمی) 022 - ( نہم کلاس ) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 60

## ( حصہ اوّل )

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) : 10

( حصہ نظم )

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری ۔ گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر ۔ یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی ۔ یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی !

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو ۔ ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

( حصہ غزل )

(v) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز ۔ اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(vi) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی ۔ خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(vii) جان تُم پر نثار کرتا ہوں ۔ میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## ( حصہ دوم )

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) اِس کے بعد کئی دن تک بوڑھی خالہ لکڑی لیے، آس پاس کے گاؤں کے چکّر لگاتی رہیں۔ کمر جھک کر کمان ہو گئی تھی۔ ایک قدم چلنا مشکل تھا، مگر بات آ پڑی تھی، اس کا تصفیہ ضروری تھا۔ شیخ جمن کو اپنی طاقت، رسوخ اور منطق پر کامل اعتماد تھا۔ وہ کسی کے سامنے فریاد کرنے نہیں گئے۔

3- (ب) میرے سینے میں ایک بھی شرارہ باقی نہیں رہا۔ یہ احساس میرے لیے سوہانِ روح ثابت ہو رہا تھا کہ اپنے جگر کا خون دے دے کر میں نے فن کی جس شمع کو اب تک روشن رکھا ہے، اس کا مقصد آپ کی شاندار کوٹھی اور آپ کی شخصیت کو جگمگانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں۔ ایک فنکار یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا کہ اس کا فن اپنا اصلی جوہر کھو کر کسی کے لیے محض ایک ذریعۂ شہرت بن کر رہ جائے۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) مضمون کی مختصر تعریف کیجیے۔ (ii) شیخ امام بخش ناسخؔ کس وقت جلسہ گاہ پہنچے؟

(iii) بیدارا نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟ (iv) الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟

(v) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟ (vi) حمد کی تعریف بیان کیجیے۔

(vii) نعت پڑھانے کے دو مقاصد بیان کیجیے۔ (viii) بہادر شاہ ظفر کی غزل میں شاعر اپنی حسرتوں سے کیا کہنا چاہتا ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) پنچایت ۔ (ب) امتحان ۔ 5

6- نصاب میں شامل ''نعت'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر/ ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔

یا

کسی اخبار کے مدیر کے نام خط لکھ کر ٹریفک کی بدانتظامی کی طرف توجہ دلائیے۔ 10

8- ''دو بکریاں'' کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ یا دکاندار اور خریدار کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(i) راشد نے کراچی جانا ہے۔ (ii) ہم نے حج کرنا ہے۔ (iii) میں نے کتاب کو پڑھی۔

(iv) ریوڑ جنگل میں چر رہے ہیں۔ (v) اسامہ نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے : (i) آپ آئے --- (ii) آدمی کا --- آدمی ہے۔ (iii) پاک رہو ---

(iv) خدمت سے --- (v) آسمان سے --- کرنا۔